Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu, I Semester Examination - December - 2018

Paper : MAUR104CCT : Classiki Asnaaf-e-Sher

پرچہ : کلاسیکی اصناف شعر

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) ہجویہ قصیدہ کسے کہتے ہیں؟

(ii) رباعی کا موجد کون ہے؟

(iii) انیس کا انتقال کس سنہ میں ہوا؟

(iv) ایک روشن دماغ تھا نہ رہا
شہر میں ایک چراغ تھا نہ رہا
یہ شعر کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟ اس کے شاعر کون ہیں؟

(v) رباعی کے اوزان کا تعلق کس بحر سے ہے؟

(vi) رجز........... کا جزو ہے۔

(vii) تشبیب میں.......... مضامین باندھے جاتے ہیں۔

(viii) ''کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے''۔ یہ مرثیہ .... کا ہے۔

(ix) دلبر بیسوا مثنوی........... کا کردار ہے۔

(x) ''دہر جز جلوۂ یکتائی معشوق نہیں'' کے قصیدہ نگار........... ہیں۔

P.T.O

حصہ دوم

2. مرثیے کے اجزائے ترکیبی کی وضاحت کیجیے۔
3. مثنوی پھول بن کے بارے میں اپنی معلومات قلم بند کیجیے۔
4. دبیر کی مرثیہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔
5. ''مرثیۂ غالب'' کا خلاصہ لکھیے۔
6. قصیدے کے اجزائے ترکیبی پر روشنی ڈالیے۔
7. زہر عشق کے حوالے سے شوق کی کردار نگاری کا جائزہ لیجیے۔
8. قصیدہ ''مدیح خیرالمرسلین'' کی روشنی میں محسن کاکوروی کی قصیدہ نگاری کا جائزہ لیجیے۔
9. مندرجہ ذیل رباعیوں کی بحوالہ متن تشریح کیجیے۔

ہر چیز مسبّبِ سبب سے مانگو منّت سے خوشامد سے ادب سے مانگو
کیوں غیر کے آگے ہاتھ پھیلاتے ہو بندے ہو اگر رب کے تو رب سے مانگو

طفلی دیکھی، شباب دیکھا ہم نے ہستی کو حبابِ آب دیکھا ہم نے
جب آنکھ ہوئی بند تو عقدہ یہ کھلا جو کچھ دیکھا سو خواب دیکھا ہم نے

حصہ سوم

10. سحرالبیان کا قصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔
11. انیسؔ کی مرثیہ نگاری کی انفرادی خصوصیات بتایئے۔
12. مثنوی ''گلزار نسیم'' کا تنقیدی تجزیہ کیجیے۔
13. سوداؔ کی قصیدہ نگاری کا فنی جائزہ لیجیے۔
14. کسی دو پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(a) نجم النساء (b) بکاؤلی (c) امجدؔ (d) حالیؔ

☆☆☆